SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release

December 4, 2023

## یونائیٹڈ انشورنس نے ایس پی آئی انشورنس مکمل انڈرٹیکنگ حاصل کرلی

اسلام آباد(4دسمبر) سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے میسرز ایس پی آئی انشورنس کمپنی لمیٹڈ کے تمام انڈرٹیکنگ اور کاروبار کو یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان میں انضمام کی اسکیم کی منظوری دینے کے بعد، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس آرڈیننس 2000 کے سیکشن 9 کے ذیلی سیکشن (2) کے تحت میسرز ایس پی آئی انشورنس کی بطور بیمہ کنندہ رجسٹریشن منسوخ کردی ہے۔

عدالت عالیہ نے پاکستان میں میسرز ایس پی آئی انشورنس کی مکمل انڈرٹیکنگ یونائیٹڈ انشورنس میں ضم کرنے کی اسکیم کی منظوری دے دی ہے۔ایس پی آئی انشورنس کے ذریعے کی جانے والی تمام کاروباری سرگرمیاں یا اس کے ذمے واجب العدا کوئی بھی مالی معاملات کی ذمہ داری اب ایس پی آئی انشورنس لمیٹڈ کے ذریعے ادا کی جائے گی۔

پالیسی ہولڈرز کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ ایس پی آئی انشورنس سے اپنی بیمہ پالیسیوں سے متعلق کسی بھی کے دعوے یا واجبات کے لیے یونائیٹڈ انشورنس کے ساتھ رابطہ کریں۔اس سلسلے میں ایس ای سی پی نے انشورنس آرڈیننس 2000 کے سیکشن 10 کی ذیلی دفعہ (1) کے مطابق نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005